© rasailojaraid.com

محمد رمضان سلفی

# تبصرہ کتب

## ردّ بدعات

مصنف: مولانا حافظ عبداللہؒ محدث روپڑی

زیر نظر کتاب غیر شرعی رسوم وعقائد اور بدعات کی تردید میں لکھی گئی ہے۔ اس کے مؤلف حافظ عبداللہ روپڑی جماعت کے جید عالم دین تھے انہوں نے اس کتاب میں "مروجہ بدعات' اہل میت کے گھر فاتحہ خوانی کے لئے جمع ہونا' اذان میں محمدؐ کے نام پر انگوٹھے چومنا' گیارھویں' کھانے پر ختم' مسئلہ علم غیب' قبروں پر قبے بنانا" سے متعلق کئے گئے 23 سوالات کے جوابات قرآن و سنت کی روشنی میں دیئے ہیں اور معاشرے میں مروجہ بدعات کی قلعی کھولی ہے۔ کتاب اپنے موضوع پر جامع مانع ہے۔ اسے ادارہ

## رفع الیدین عظیم سنت

تبلیغ اسلام جام پور سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

ناشر: محمد یٰسین راہی۔ مدیر ادارہ تبلیغ اسلام جامپور ضلع راجن پور

رفع الیدین نبی ﷺ کی وہ پیاری اور عظیم سنت ہے جس کی تائید میں 400 سے زائد روایات کتب احادیث میں مرقوم ہیں۔ پیش نظر کتاب میں اسی مسئلہ کو زوردار دلائل کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے اور اس چیز کی وضاحت کی گئی ہے کہ رکوع سے قبل اور بعد رفع الیدین کرنا نبی علیہ السلام کی سنت ہے اور اسکے ترک پر کوئی صحیح وصریح دلیل نہیں ہے۔ کتاب کا انداز تحقیقی ہے جو اختصار کے باوجود اپنے دامن میں جامعیت کا پہلو لئے ہوئے ہے۔ اس کتاب کو اشاعت فنڈ بھیج کر ناشر سے طلب کیا جاسکتا ہے۔

## حقیقۃ الوسیلۃ

مصنف: مولانا عبدالرحمٰن عزیز الہ آباد

ناشر: ادارہ امر بالمعروف' حسین خان والا پتوکی ضلع قصور۔

وسیلہ کے موضوع پر مولانا عبدالرحمٰن عزیز کی یہ قابل قدر کتاب ہے۔ اس میں "وسیلہ" کی اقسام کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے اور قرآن و حدیث' تفاسیر اور کتب فقہ سے اس مسئلے کو منقح کیا گیا ہے۔ کتاب علمی و تحقیقی انداز میں تالیف ہوئی ہے اور مصنف نے اپنے موضوع میں رہ کر اس پر دلائل پیش کئے ہیں۔ احباب کو ایسی کتب رغبت سے پڑھنا چاہئے اور لوگوں میں پھیلانا چاہئے۔

## انباق الینابیع فی معرفۃ مشکوۃ المصابیح

مصنف: مولنا رحمت اللہ رحیق الہ آبادی

صفحات: 45

قیمت: درج نہیں

ناشر: مکتبہ ناصریہ پریس مارکیٹ امین پور بازار فیصل آباد

"مشکوۃ المصابیح" احادیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا دلآویز مجموعہ ہے۔ بہت سی کتب احادیث سے روایات اخذ کر کے اس کتاب میں شامل کی گئی ہیں۔ یہ کتاب طبقہ علماء اور عوام میں یکساں مفید ہے۔ اصل میں یہ کتاب دو آئمہ کرام "حسین بن مسعود بن محمد اور محمد بن عبداللہ المعروف خطیب التبریزی" کی کاوشوں کا مجموعہ ہے۔ ضرورت اس امر کی تھی کہ مشکوۃ اور مولفین مشکوۃ کا تعارف کروایا جائے۔ اللہ جزائے خیر دے۔ مولانا رحمت اللہ رحیق صاحب کو کہ انہوں نے اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے مشکوۃ المصابیح اور اس کے مولفین کا تعارف لکھا۔ اس کتاب میں اختصار کے ساتھ مشکوۃ اور ان کے مولفین پر روشنی ڈالی گئی ہے اور ساتھ ہی صاحب مشکوۃ کی احادیث کی باب بندی کے اسلوب اور ان کے طریقہ اصول حدیث جو کہ انہوں نے اس کتاب میں اختیار کیا ہے کو بیان کیا گیا ہے۔

مشکوۃ کی مشہور شروحات کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔ غرض یہ کتاب اپنے موضوع اچھی کاوش ہے۔



© rasailojaraid.com